سوال

Analsex

جواب

اینل سیکس (دبر میں سیکس) کی حرمت السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کیا اینل سیکس (دبر میں سیکس) جائز ہے۔؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! اینل سیکس (دبر میں جماع) حرام ہے، اور نبی کریم نے اس سے منع فرمایا ہے۔ اور ایسا کرنے والے پر لعنت فرمائی ہے۔ نبی کریم نے فرمایا: «مَلْعُونٌ مَنْ أَتَى امْرَأَتَهُ فِي دُبُرِهَا» (أبو داود: 2162) جو شخص اپنی بیوی سے دبر میں جماع کرے وہ ملعون (لعنت زدہ) ہے۔ جماع کی حدود یہ ہیں کہ حالت حیض اور مقعد میں جماع کرنا منع ہے، اس کے علاوہ آپ کسی بھی طریقے سے اپنی بیوی سے استمتاع کر سکتے ہیں۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی